

4822CH04

# صبر کا پھل



امرودوں پر لدے پڑے ہیں
گدرائے پھل ہفتے بھر سے
جب موقع دعوت دیتا ہو
بندہ کیوں کھانے سے ترسے
کیا کہتے ہو بھائی جان!

املی کی نیچی ڈالی پر
جھول رہے ہیں پانچ کتارے
خربوزوں کی میٹھی خوشبو
چیخ رہی ہے آ رے آ رے
کیا کہتے ہو بھائی جان!



اپنا رستہ دیکھ رہے ہیں
آٹھ شریفے آنکھیں پھاڑے
اس چھوٹے تالاب کے اندر
کوکا بیلی اور سِنگھاڑے
کیا کہتے ہو بھائی جان!

ہم بھی ہاتھ بڑھا سکتے ہیں
آگے دیکھیں کیا ہوتا ہے
قَول مگر سچّا ہے یہ بھی
صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے
کیا کہتے ہو بھائی جان!

(مظفّر حنفی)

© NCERT
be republished

## مشق

### 1 معنی یاد کیجیے:

| | | |
|---|---|---|
| لدے پڑے ہیں | : | بھرے پڑے ہیں |
| گدرانا | : | اَدھ پکّا یا پکنے کے قریب |
| کتارے | : | لمبی یا بڑی کچّی املی |
| قَول | : | کسی کی کہی ہوئی بات |
| کوکا بیلی | : | گُلِ نیلوفر، کنول |

### 2 نیچے لکھے ہوئے الفاظ کو بلند آواز سے پڑھیے:

کتارے خوشبو کوکا بیلی

### 3 غور کیجیے:

(i) اس نظم کی خوبی یہ ہے کہ اس میں بچوں کی ایک خواہش کو بہت آسان زبان میں پیش کیا گیا ہے۔

(ii) باغ میں پھل دیکھ کر اُسے کھانے کی خواہش ہونا فطری بات ہے لیکن باغ اگر کسی اور کا ہے تو ہمیں اس باغ کے پھل توڑنے کا کوئی حق نہیں ہوتا۔

### 4 سوچیے اور بتایئے:

(i) نظم میں کن پھلوں کا ذکر کیا گیا ہے؟

© NCERT not to be republished

(ii) چھوٹے تالاب کے اندر کیا ہے؟

(iii) اس شعر کا مطلب لکھیے۔

قول مگر سچا ہے یہ بھی
صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے

## 5 نیچے دیے گئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے:

خوشبو سچّا صبر موقع

## 6 'امرود'، 'املی' اور 'شریفہ' پھلوں کے نام ہیں۔ کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو اسم کہتے ہیں جیسے نجمہ، دلّی، کتاب۔ پانچ ایسے جملے لکھیے جن میں کسی اسم کا استعمال کیا گیا ہو۔

## 7 نیچے دیے ہوئے مصرعوں کو ترتیب سے لکھیے:

چیخ رہی ہے آ رے آ رے
جھُول رہے ہیں پانچ کتارے
املی کی نیچی ڈالی پر
خربوزوں کی میٹھی خوشبو

## 8 عملی کام:

(i) نظم کو زبانی یاد کیجیے اور بلند آواز سے پڑھیے۔

(ii) نظم میں جن پھلوں کا ذکر آیا ہے ان کے بارے میں ایک ایک جملہ لکھیے۔

© NCERT not to be republished